DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.02.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | پائیدار ترقی اور سیاسی استحکام معاشی خودمختاری سے مشروط ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | قبائلی تنازعات کو حل کرنے کی کوشش جاری رکھونگا، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | حب میں ترقیاتی منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے گا، علی حسن زہری | انتخاب حب ودیگر اخبارات |
| 04 | نواکلی کے مین روز پر عنقریب کام کا آغاز ہوگا، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | گرین بلیٹ کو سیراب اور زمینداروں کے مسائل حل کرینگے، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | مسائل حل اور ترقیاتی منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے گا، سردار کھیتران | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان کے بارے میں بعض سیاستدانوں کے انتشار انگیز بیانات درست نہیں، ترجمان حکومت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | چمن میں ہر قسم کے جرائم سے پاک کیا جائے گا، عبدالخالق اچکزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | دکی فورسز اور قبائلی لشکر اغواء کاروں کی پناہ گاہ تک پہنچنے میں کامیاب، کامیابی نہ ملی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان قابل تجدید توانائی کے حصول کیلئے اہم خطہ ہے، بلال کاکڑ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | نیب کھلی کچہری کا انعقاد کل ڈی سی آفس انسکمب روڈ کوئٹہ میں ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | وسائل کی لوٹ مار کیلئے اجرتی محب وطن مسلط کئے گئے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | حکومت اغواء کاروں کے سامنے بے بس نظر آرہی ہے، مولانا لونی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان میں بدامنی، بدعنوانی عام، اغوا برائے تاوان کاروبار بن گیا، حافظ نعیم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | حق اور انصاف نہ ملنے سے نوجوان مایوس ہیں، ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | مشاورت کے بعد اپوزیشن الائنس میں شمولیت کا فیصلہ کرسکتے ہیں، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان کے حالات روز بروز خراب ہورہے ہیں، مالک بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ میں لڑکی کا قتل، امریکی سفارتخانے کا پولیس سے رابطہ، چمن میں خاتون قتل، آواران، قلات اور ژوب سے نعشیں برآمد، کوئٹہ میں جعلی کرنسی کا کاروبار کرنے والے گروہ کے سرغنہ کو گرفتار کرلیا

## عوامی مسائل:

اوستہ محمد میونسپل کارپوریشن کو فنڈز اور عملے کی کمی کا سامنا، تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی مشکل ہوگئی، رمضان سے قبل ہی تاجر بے لگام، بیسن کی قیمت میں 100 فیصد انتظامیہ خاموش عوام پریشان، کوئٹہ سے چلنے والی مسافر ٹرینوں میں سہولیات کا فقدان واش رومز میں پانی تک نہیں، کواری روڈ،

CamScanner

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

مورخہ 26.02.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان کی ترقی اور عوامی فلاح وبہبود اولین ترجیح!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مخلوط حکومت صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کررہی ہے اس سلسلے میں اب تک ایسے کام کئے جاچکے ہیں جو کہ سابقہ حکومتیں نہیں کرسکیں تھیں انہوں نے اپنی حکومت کے مختصر دور میں صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے حوالے سے اقدامات میں کوئی گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا جو کہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ اور ان کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت اس کو اولین ترجیح سمجھتی ہے۔گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ،سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ملاقات کی اس دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام اور ترقی کے عمل کو تیز کرنے کے لئے تمام جماعتوں کی سیاسی قیادت کو ایک واضح وژن کے ساتھ لے کر چلنے کے خواہاں ہیں۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں پی پی ایل معاہدے کے مثبت اثرات ،اسٹیک ہولڈرز کے درمیان ہم آہنگی مستقل امن وترقی کیلئے ناگزیر** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

**مضامین:**

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**بلوچستان کی سیاسی جماعتوں کے اہم رہنمائوں میں اختلافات شدت اختیار کرنے لگے** " کے عنوان سے رضاالرحمان کا مضمون تحریر کیا ہے

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

ورکرانی بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 FEB 2025

Page No. 1

## پائیدار ترقی اور سیاسی استحکام معاشی خودمختاری سے مشروط ہے، گورنر

**بین الاقوامی سرمایہ کاری کے ذریعے ہم نئی ٹیکنالوجیز، انتظامی طریقہ کار اور مہارتیں متعارف کرا سکتے ہیں**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے سابق چیئرمین سینیٹ آف پاکستان اور رکن صوبائی اسمبلی صادق سنجرانی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ون ان ون ملاقات کی، ملاقات کے دوران ملک اور صوبہ میں تازہ ترین سیاسی صورتحال اور دستیاب منافع بخش سرمایہ کاری کے مواقعوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان جغرافیائی اعتبار سے انتہائی اہمیت کا حامل صوبہ ہے اور قدرتی وسائل ومعدنیات سے مالا مال صوبہ ہے، انہوں نے کہا کہ پائیدار ترقی اور سیاسی استحکام درحقیقت معاشی خودمختاری سے مشروط ہے، ملکی ترقی وخوشحالی کی مناسبت سے حکومت وقت پر دو مختلف ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، ایک جانب اگر وہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو اپنے ملک میں سرمایہ کاری کیلئے راغب کرتی ہے تو دوسری جانب وہ آؤٹ باؤنڈ ٹریڈ کے فروغ کے ذریعے ملکی تاجروں کو انٹرنیشنل تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کی ترغیب بھی دیتی ہے، گھریلو مصنوعات اور خام مال کو دیگر ممالک کی تجارتی منڈیوں تک پہنچانے کے نتیجے میں ترقیاتی منصوبوں، بنیادی ڈھانچے اور صنعتوں کی مالی اعانت کے ساتھ ملکی صنعتوں کی مسابقت میں اضافہ بھی ہوسکتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ آج بھی ہم بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی سرمایہ کاری کے ذریعے نئی ٹیکنالوجیز، انتظامی طریقہ کار اور جدید مہارتیں متعارف کرا سکتے ہیں، اس روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، معاشی سرگرمیوں کو متحرک کرنے مسابقت اور جدت کو بڑھانے کی متعدد راستے کھلیں گے بعدازاں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے رحیم کاکڑ کی قیادت میں مرکزی انجمن تاجران کے وفد نے علیحدہ ملاقات کی اور درپیش مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا جس پر گورنر بلوچستان نے درپیش مسائل کے حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔



کوئٹہ گورنر جعفر مندوخیل سے رکن اسمبلی صادق سنجرانی ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ گورنر جعفر مندوخیل سے صدر ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن میر عطاء اللہ لانگو ملاقات کررہے ہیں

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان قدرتی وسائل ومعدنیات سے مالا مال صوبہ ہے، گورنر مندوخیل

**پائیدار ترقی اور سیاسی استحکام درحقیقت معاشی خودمختاری سے مشروط ہے**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے سابق سینیٹ چیئرمین آف پاکستان اور رکن صوبائی اسمبلی صادق سنجرانی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ون ان ون ملاقات کی، ملاقات کے دوران ملک اور صوبہ میں تازہ ترین سیاسی صورتحال اور دستیاب منافع بخش سرمایہ کاری کے مواقعوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان جغرافیائی اعتبار سے انتہائی اہمیت کا حامل صوبہ ہے اور قدرتی وسائل و معدنیات سے مالا مال صوبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار ترقی اور سیاسی استحکام درحقیقت معاشی خودمختاری سے مشروط ہے۔ ملکی ترقی وخوشحالی کی مناسبت سے حکومت وقت پر دو مختلف ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ایک جانب اگر وہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو اپنے ملک میں سرمایہ کاری کیلئے راغب کرتی ہے تو دوسری جانب وہ آؤٹ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر

باؤنڈ ٹریڈ کے فروغ کے ذریعے ملکی تاجروں کو انٹرنیشنل تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کی ترغیب بھی دیتی ہے۔ گھریلو مصنوعات اور خام مال کو دیگر ممالک کی تجارتی منڈیوں تک پہنچانے کے نتیجے میں ترقیاتی منصوبوں، بنیادی ڈھانچے اور صنعتوں کی مالی اعانت کے ساتھ ملکی صنعتوں کی مسابقت میں اضافہ بھی ہوسکتا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | بدھ 27 شعبان المعظم 1446ھ 26 فروری 2025ء | نمبر 57

قیمت 30 روپے


"عمر ایوب کا بیان قابل مذمت، وہ آئیں انکو صوبے کے تمام اضلاع کا دورہ کراؤنگا، بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھا جائے"

# قبائلی تنازعات کو حل کرنے کی کوشش جاری رکھونگا، سرفراز بگٹی

## بلوچستان میں علیحدگی کی باتیں جھوٹ پر مبنی

قبائلی معاشرہ قبائلی رسم ورواج کے مطابق چلتا ہے، آج 20 سال پرانے مسئلے کو حل کرکے واپس جارہے ہیں، وزیر اعلیٰ کی گفتگو

ڈیرہ اللہ یار/جعفر آباد (نامہ نگار/خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان کے بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال سے متعلق بیان کو غیر سنجیدہ قرار دیتے ہوئے انہیں بلوچستان کے تمام اضلاع کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عمر ایوب آئیں انہیں اپنے ساتھ بلوچستان کے ہر ضلع میں لے جانے کے لئے تیار ہوں، ریاست بہت اہم ہے بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں جعفر آباد کے دورے کے موقع پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کے بیان پر انہیں تعجب ہوا کیونکہ یہ غیر ذمہ دارانہ اور حقیقت سے بعید ہے انہوں نے واضح کیا کہ سیاست چمکانے کے لیے ایسے بیانات دینے سے گریز کیا جائے اور بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے بات کی جائے علیحدگی کی باتیں جھوٹ پر مبنی ہیں یہ محض ایک تاثر ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں حیرت ہے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کو بلوچستان سے متعلق اصل حقائق کا علم نہیں اسوقت بلوچستان کی یوتھ ڈس انی گریٹڈ (منتشر) ہو رہی ہے آپ ایسے بیانات سے جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے اس بیان کی مذمت کرتا ہوں ہمیں سب سے پہلے ریاست کو دیکھنا ہے سیاست سے زیادہ ریاست اہم ہے کسی کو بھی سیاسی مفادات کے لئے ریاست کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم سب کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہیں کیونکہ ہمارا مقصد بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی (سوشو اکنامک ڈویلپمنٹ) ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو ہم نے ترقی کی جانب لے جانا ہے اور اس سفر میں کسی رکاوٹ کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے قبل ازیں جعفر آباد کے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان سے قبائلی عمائدین اور معتبرین نے ملاقات کی جہاں انہوں نے بگٹی قبائل کے دو فریقین کے درمیان بیس سالہ دیرینہ تنازعہ کو ختم کرتے ہوئے انہیں شیر وشکر کردیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اپنی روایات کا امین صوبہ ہے یہاں کے تمام قبائلی تنازعات باہمی افہام وتفہیم سے حل کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ قبائلی معاشرہ اپنے رسم ورواج کے تحت چلتا ہے سیاسی حیثیت کے ساتھ ہمارا ایک مضبوط قبائلی پس منظر بھی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بگٹی قبائل سمیت دیگر قبائل کی حمایت سے قبائلی تنازعات کے حل میں اہم پیش رفت ہو رہی ہے جعفر آباد سے قبل ہم نے سوئی میں قبائلی تنازعات حل کیے الحمد للہ آج جعفر آباد میں 20 سالہ پرانا قبائلی تنازعہ ختم ہوا بلاشبہ امن و امان کے بغیر ترقی ممکن نہیں اور قومی یکجہتی ہی بلوچستان کے استحکام کی ضمانت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قبائلی تنازعات کے خاتمے کے بغیر بلوچستان میں ترقی کا خواب مکمل نہیں ہو سکتا قبائلی عمائدین کے تعاون سے دیرینہ تنازعات کے حل کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں بلوچستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے ہر ضلع میں بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کے منصوبے بلوچستان کے مستقبل کو روشن بنائیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام کی فلاح وبہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ حکومت کے ان اقدامات کا فائدہ عام بلوچستانی کو ہو اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکریٹری عبدالمجید بادینی، حاجی محمد خان لہڑی، پیپلز پارٹی کے رہنما میر ساجد ڈومکی، سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی، سمیت بگٹی قبیلے کے معتبرین بھی موجود تھے



جعفر آباد: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی قبائلی عمائدین سے بات چیت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کا جعفر آباد پہنچنے پر صوبائی وزیر صادق عمرانی استقبال کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 | بدھ 27 شعبان المعظم 1446ھ 26 فروری 2025ء صفحات 08 | شمارہ 241

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# بلوچ نوجوانوں کو قومی دھارے میں لارہے ہیں ریاست بہت اہم ہے اپوزیشن لیڈر بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں، وزیراعلیٰ

علیحدگی کی باتیں جھوٹ، یہ محض ایک تاثر دینے کی ناکام کوشش کررہے ہیں جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں، بلوچستان کو ہم ترقی کی جانب لے جانا چاہتے ہیں اور اس سفر میں کسی کو رکاوٹ بننے نہیں دیں گے

عمرایوب آئیں انہیں بلوچستان کے ہر ضلع میں لے جانے کے لئے تیار ہوں، سیاست چمکانے کے لیے ایسے بیانات دینے سے گریز کیا جائے اور بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے بات کی جائے

بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سب کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہیں ہمارا مقصد بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے، میر سرفراز بگٹی

جعفرآباد کے دورے کے دوران وزیراعلیٰ سے قبائلی عمائدین اور معتبرین کی ملاقات، میر سرفراز بگٹی نے بگٹی قبائل کے دو فریقین کے درمیان بیس سالہ دیرینہ تنازعہ کو ختم کرتے ہوئے انہیں شیروشکر

جعفرآباد، ڈیرہ اللہ یار (خ ن + دھنی بخش مگسی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی اسمبلی میں قائدحزب اختلاف عمرایوب خان کے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال سے متعلق بیان کو غیر سنجیدہ قرار دیتے ہوئے انہیں بلوچستان کے تمام اضلاع کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عمرایوب آئیں انہیں اپنے ساتھ بلوچستان کے ہر ضلع میں لے جانے کے لئے تیار ہوں، ریاست بہت اہم ہے بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں جعفرآباد کے دورے کے موقع پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کے بیان پر انہیں تعجب ہوا کیونکہ یہ غیر [illegible] ذمہ دارانہ اور حقیقت سے بعید ہے انہوں نے واضح کیا کہ سیاست چمکانے کے لیے ایسے بیانات دینے سے گریز کیا جائے اور بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے بات کی جائے علیحدگی کی باتیں جھوٹ پرمبنی ہیں یہ محض ایک تاثر ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں........

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

حیرت ہے اپوزیشن لیڈر عمرایوب کو بلوچستان سے متعلق اصل حقائق کا علم نہیں اس وقت بلوچستان کی یوتھ ڈس انٹی گریٹ (منتشر) ہو رہی ہے آپ ایسے بیانات سے جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں اپوزیشن لیڈر عمرایوب کے اس بیان کی مذمت کرتا ہوں ہمیں سب سے پہلے ریاست کو دیکھنا ہے سیاست سے زیادہ ریاست اہم ہے کسی کو بھی سیاسی مفادات کے لئے ریاست کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم سب کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہیں کیونکہ ہمارا مقصد بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی (سوشو اکنامک ڈیولپمنٹ) ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو ہم نے ترقی کی جانب لے جانا ہے اور اس سفر میں کسی رکاوٹ کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے قبل ازیں جعفرآباد کے دورے کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان سے قبائلی عمائدین اور معتبرین نے ملاقات کی جہاں انہوں نے بگٹی قبائل کے دو فریقین کے درمیان بیس سالہ دیرینہ تنازعہ کو ختم کرتے ہوئے انہیں شیروشکر کردیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اچھی روایات کا امین صوبہ ہے یہاں کے تمام قبائلی تنازعات باہمی افہام و تفہیم [illegible]

سے حل کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ قبائلی معاشرہ اپنے رسم و رواج کے تحت چلتا ہے سیاسی حیثیت کے ساتھ ہمارا ایک مضبوط قبائلی پس منظر بھی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بگٹی قبائل سمیت دیگر قبائل کی حمایت سے قبائلی تنازعات کے حل میں اہم پیش رفت ہو رہی ہے جعفرآباد سے قبل ہم نے سوئی میں قبائلی تنازعات حل کیے الحمدللہ آج جعفرآباد میں ایک 20 سالہ پرانا قبائلی تنازعہ ختم ہوا بلاشبہ امن و استحکام کے بغیر ترقی ممکن نہیں اور قومی یکجہتی ہی بلوچستان کے استحکام کی ضمانت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ قبائلی تنازعات کے خاتمے کے بغیر بلوچستان میں ترقی کا خواب مکمل نہیں ہوسکتا قبائلی عمائدین کے تعاون سے دیرینہ تنازعات کے حل کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں بلوچستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے ہر ضلع میں بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کے منصوبے بلوچستان کے مستقبل کو روشن بنائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ حکومت کے ان اقدامات کا فائدہ عام بلوچستانی کو ہو اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹریز عبدالمجید بادینی، حاجی محمد خان لہڑی، پیپلز پارٹی کے رہنماء میر ساجد دشتی، سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی، سمیت بگٹی قبیلے کے معتبرین بھی موجود تھے

## وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قافلے کیساتھ ڈیرہ اللہ یار آمد

جیکب آباد ایئرپورٹ پر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے استقبال کیا

میر فائق خان جمالی ہاؤس میں قبائلی عمائدین و علاقے کی شخصیات سے بات چیت

ڈیرہ اللہ یار (دھنی بخش مگسی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی قبائلی تنازع کے حل کے لیے جعفرآباد آمد صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی ان........

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

کے استقبال کے لیے جیکب آباد ایئرپورٹ پہنچے بعد ازاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کو قافلے کی صورت میں جعفرآباد لایا گیا جہاں پر ان سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی صوبائی پارلیمانی

سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد ڈی آئی جی نصیرآباد رینج ایاز بلوچ پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر بلال صادق عمرانی نے ان کا استقبال کیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد



جعفرآباد، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر صادق عمرانی، محمد خان لہڑی ودیگر سابق وزیر میر فائق جمالی کے استقبالیہ میں شریک ہیں



ڈیرہ اللہ یار، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قبائلی عمائدین و دیگر شخصیات سے بات چیت کررہے ہیں



جعفرآباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی استقبال کررہے ہیں



جعفرآباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی بات چیت کررہے ہیں

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس سنڈے کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 76 | بدھ، 27 شعبان المعظم، 26 فروری 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

عمر ایوب کا بیان غیر سنجیدہ

# علیحدگی کی باتیں جھوٹ، سب کیساتھ مذاکرات کیلئے تیار ہیں: وزیراعلیٰ

## اپوزیشن لیڈر آئیں انہیں اپنے ساتھ ہر ضلع میں لے جانے کیلئے تیار ہوں، صوبے کو گندی سیاست سے دور رکھیں، سرفراز بگٹی

## کسی کو بھی سیاسی مفاد کیلئے ریاست کو نقصان پہنچانے نہیں دینگے، جعفرآباد میں گفتگو، بگٹی قبائل میں رنجش کا خاتمہ کرادیا



جعفرآباد، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی بات چیت کررہے ہیں

جعفرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان کے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال سے متعلق بیان کو (باقی صفحہ 5 نمبر 12) غیر سنجیدہ قرار دیتے ہوئے انہیں بلوچستان کے تمام اضلاع کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عمر ایوب آئیں انہیں اپنے ساتھ بلوچستان کے ہر ضلع میں لے جانے کے لئے تیار ہوں، ریاست بہت اہم ہے بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں جعفرآباد کے دورے کے موقع پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کے بیان پر انہیں تعجب ہوا کیونکہ یہ غیر ذمہ دارانہ اور حقیقت سے بعید ہے انہوں نے واضح کیا کہ سیاست چمکانے کے لیے ایسے بیانات دینے سے گریز کیا جائے اور بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے بات کی جائے علیحدگی کی باتیں جھوٹ پر مبنی ہیں یہ محض ایک تاثر ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں حیرت ہے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کو بلوچستان سے متعلق اصل حقائق کا علم نہیں اسوقت بلوچستان کی یوتھ ڈس انی گریشن (ڈس انٹیگریشن) ہو رہی ہے آپ ایسے بیانات سے جلتی پر تیل کا کام کررہے ہیں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے اس بیان کی مذمت کرتا ہوں ہمیں سب سے پہلے ریاست کو دیکھنا ہے سیاست سے زیادہ ریاست اہم ہے کسی کو بھی سیاسی مفادات کے لئے ریاست کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم سب کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہیں کیونکہ ہمارا مقصد بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی (سوشو اکنامک ڈیولپمنٹ) ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ حکومت کے ان اقدامات کا فائدہ عام بلوچستانی کو ہو اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی، حاجی محمد خان لہڑی، پیپلز پارٹی کے رہنما میر ساجد دشتی، سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی، سمیت بگٹی قبیلے کے معتبرین بھی موجود تھے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی قبائلی تنازع کے حل کے لیے جعفرآباد آمد صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی ان کے استقبال کے لیے جیکب آباد ایئرپورٹ پہنچے بعد ازاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کو قافلے کی صورت میں جعفرآباد لایا گیا جہاں پر ان سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد ڈی آئی جی نصیرآباد رینج ایاز بلوچ پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر بلال صادق عمرانی نے ان کا استقبال کیا قبائلی جرگے میں نصیرآباد ڈویژن کے سیاسی سماجی وقبائلی عمائدین اور علاقہ معتبرین سمیت کثیر تعداد میں بگٹی قبائل کے عمائدین موجود تھے بعد ازاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی نے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر بلال صادق عمرانی کے ہمراہ سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی کے استقبالیہ میں شریک ہوئے میر فائق خان جمالی ہاؤس پہنچنے پر میئر میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار میر اسفندیار خان جمالی نے ان کا استقبال کیا اس موقع پر میر حسین بخش بنگلزئی سمیت دیگر کثیر تعداد میں علاقہ معتبرین موجود تھے۔

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات

www.dailyintekhab.PK

Intekhabnews@gmail.com,

Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز بدھ/26 فروری 2025ء بمطابق/27 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ نمبر 57


# بلوچستان میں ریاست کی رٹ برقرار، ترقی میں کسی کو رکاوٹ نہیں بننے دینگے

میر سرفراز بگٹی

## ہمیں سب سے پہلے ریاست کو دیکھنا ہے، سیاست سے زیادہ ریاست اہم ہے، عمر ایوب کو بلوچستان سے متعلق اصل حقائق کا علم نہیں، صحافیوں سے گفتگو

## قبائلی تنازعات افہام وتفہیم سے حل کیے جائیں گے، امن واستحکام کے بغیر ترقی ممکن نہیں، بلوچستان کی ترقی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

جعفرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان کے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال سے متعلق بیان کو غیر سنجیدہ قرار دیتے ہوئے انہیں بلوچستان کے تمام اضلاع کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عمر ایوب آئیں انہیں اپنے ساتھ بلوچستان کے ہر ضلع میں لے جانے کے لئے تیار ہوں، ریاست بہت اہم ہے بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں جعفرآباد کے دورے کے موقع پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کے بیان پر انہیں تعجب ہوا کیونکہ یہ غیر ذمہ دارانہ اور حقیقت سے بعید ہے انہوں نے واضح کیا کہ سیاست چمکانے کے لیے ایسے بیانات دینے سے گریز کیا جائے اور بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے بات کی جائے علیحدگی کی باتیں جھوٹ پر مبنی ہیں یہ محض ایک تاثر

بقیہ نمبر 41 صفحہ 5 پر

ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں حیرت ہے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کو بلوچستان سے متعلق اصل حقائق کا علم نہیں اسوقت بلوچستان کی یوتھ ڈس انٹی گریٹڈ (منتشرل) ہورہی ہے آپ ایسے بیانات سے جلتی پر تیل کا کام کررہے ہیں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے اس بیان کی مذمت کرتا ہوں ہمیں سب سے پہلے ریاست کو دیکھنا ہے سیاست سے زیادہ ریاست اہم ہے کسی کو بھی سیاسی مفادات کے لئے ریاست کو نقصان نہیں پہنچانا چاہئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم سب کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہیں کیونکہ ہمارا مقصد بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی (سوشو اکنامک ڈیویلپمنٹ) ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو ہم نے ترقی کی جانب لے جانا ہے اور اس سفر میں کسی رکاوٹ کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے قبل ازیں جعفرآباد کے دورے کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان سے قبائلی عمائدین اور معتبرین نے ملاقات کی جہاں انہوں نے بگٹی قبائل کے دو فریقین کے درمیان بیس سالہ دیرینہ تنازعہ کو ختم کرتے ہوئے انہیں شیر وشکر کردیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اپنی روایات کا امین صوبہ ہے یہاں کے تمام قبائلی تنازعات باہمی افہام وتفہیم سے حل کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ قبائلی معاشرہ اپنے رسم ورواج کے تحت چلتا ہے سیاسی حیثیت کے ساتھ ہمارا ایک مضبوط قبائلی پس منظر بھی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بگٹی قبائل سمیت دیگر قبائل کی حمایت سے قبائلی تنازعات کے حل میں اہم پیش رفت ہورہی ہے جعفرآباد سے قبل ہم نے سوئی میں قبائلی تنازعات حل کیے الحمدللہ آج جعفرآباد میں ایک 20 سالہ پرانا قبائلی تنازعہ ختم ہوا بلاشبہ امن واستحکام کے بغیر ترقی ممکن نہیں اور قومی یکجہتی ہی بلوچستان کے استحکام کی ضمانت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ قبائلی تنازعات کے خاتمے کے بغیر بلوچستان میں ترقی کا خواب مکمل نہیں ہوسکتا قبائلی عمائدین کے تعاون سے دیرینہ تنازعات کے حل کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں بلوچستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے ہر ضلع میں بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کے منصوبے بلوچستان کے مستقبل کو روشن بنائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ حکومت کے ان اقدامات کا فائدہ عام بلوچستانی کو ہو اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹریز عبدالمجید بادینی، حاجی محمد خان لہڑی، پیپلز پارٹی کے رہنماء میر ساجد دشتی، سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی، سمیت بگٹی قبیلے کے معتبرین بھی موجود تھے۔

# وزیراعلیٰ کی قبائلی تنازعہ کے حل کیلئے جعفرآباد آمد

## قبائلی جرگے میں شرکت، میر فائق خان جمالی کے استقبالیہ میں بھی شریک ہوئے

جعفرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی قبائلی تنازع کے حل کے لیے جعفرآباد آمد صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی ان کے استقبال کے لیے جیکب آباد ایئرپورٹ پہنچے بعد ازاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کو قافلے کی صورت میں جعفرآباد لایا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر

گیا جہاں پر ان سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد ڈی آئی جی نصیرآباد رینج ایاز بلوچ پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر بلال صادق عمرانی نے ان کا استقبال کیا قبائلی جرگے میں نصیرآباد ڈویژن کے سیاسی سماجی و قبائلی عمائدین اور علاقہ معتبرین سمیت کثیر تعداد میں بگٹی قبائل کے عمائدین موجود تھے بعد ازاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی نے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی عبدالمجید بادینی پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر بلال صادق عمرانی کے ہمراہ سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی کے استقبالیہ میں شریک ہوئے میر فائق خان جمالی ہاؤس پہنچنے پر میئر میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار میر اسفندیار خان جمالی نے ان کا استقبال کیا اس موقع پر میر حسین بخش پہنانی سمیت دیگر کثیر تعداد میں علاقہ معتبرین موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 FEB 2025

Page No. 7



جعفرآباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قبائلی عمائدین سے بات چیت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر ایم سی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 37 | بروز منگل/25 فروری 2025ء بمطابق/26 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ نمبر 56

# وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے مالک بلوچ کی ملاقات، عوامی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے

صوبے کی سیاسی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال، تمام جماعتوں کی سیاسی قیادت کے ساتھ چلنے کے خواہاں ہیں

صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے اقدامات کو بارآور بنایا جائے گا تاکہ بلوچستان میں پائیدار ترقی اور استحکام کو یقینی بنایا جاسکے، دونوں رہنماؤں کا اتفاق

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ، رکن بلوچستان اسمبلی اور سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے پیر کو یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی سیاسی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی منصوبوں اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

ہے بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام اور ترقی کے عمل کو تیز کرنے کے لیے تمام جماعتوں کی سیاسی قیادت کو ایک واضح وژن کے ساتھ لے کر چلنے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وسیع تر سیاسی مشاورت کے تحت بلوچستان کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ صوبے کی ترقی اور عوام کی بہبود کے لیے اقدامات کو بارآور بنایا جائے گا تاکہ بلوچستان میں پائیدار ترقی اور استحکام کو یقینی بنایا جاسکے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | بدھ 26 فروری 2025ء بمطابق 27 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 57



جعفرآباد وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور دیگر سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی کے استقبالیہ میں شریک ہیں

سیاست چمکانے کی بجائے بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھ کر بات کی جائے سیاست سے زیادہ ریاست اہم ہے سب سے بات چیت کیلئے تیار ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان

# بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں میر سرفراز بگٹی

## عمر ایوب کو ہر ضلع میں لیجانے کو تیار ہوں

### اپوزیشن لیڈر کے بیان کی مذمت کرتا ہوں کسی کو بھی سیاسی مفادات کیلئے ریاست کو نقصان نہیں پہنچانا چاہئے، صوبائی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی ہے

### بلوچستان کو ہم نے ترقی کی طرف لے کر جانا ہے اس سفر میں کسی رکاوٹ کو کامیاب نہیں ہونے دینگے قبائلی تنازعات کے حل کے بغیر ترقی کے عمل کی تکمیل ممکن نہیں دورہ جعفرآباد کے موقع پر وزیراعلیٰ کی میڈیا سے گفتگو

جعفرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان کے بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال سے متعلق بیان کو غیر سنجیدہ قرار دیتے ہوئے انہیں بلوچستان کے تمام اضلاع کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عمر ایوب آئیں انہیں اپنے ساتھ بلوچستان کے ہر ضلع میں لے جانے کے لئے تیار ہوں، ریاست بہت اہم ہے بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں جعفرآباد کے دورے کے موقع پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اپوزیشن

بقیہ صفحہ



جعفرآباد وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قبائلی عمائدین سے بات چیت کر رہے ہیں

لیڈر کے بیان پر انہیں تعجب ہوا کیونکہ یہ غیر ذمہ دارانہ اور حقیقت سے بعید ہے انہوں نے واضح کیا کہ سیاست چمکانے کے لیے ایسے بیانات دینے سے گریز کیا جائے اور بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے بات کی جائے علیحدگی کی باتیں جھوٹ پرمبنی ہیں یہ محض ایک تاثر ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں حیرت ہے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کو بلوچستان سے متعلق اصل حقائق کا علم نہیں اسوقت بلوچستان کی یوتھ ڈس انٹی گریٹڈ (منتزلزل) ہورہی ہے آپ ایسے بیانات سے جلتی پر تیل کا کام کررہے ہیں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے اس بیان کی مذمت کرتا ہوں ہمیں سب سے پہلے ریاست کو دیکھنا ہے سیاست سے زیادہ ریاست اہم ہے کسی کو بھی سیاسی مفادات کے لئے ریاست کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم سب کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہیں کیونکہ ہمارا مقصد بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی (سوشو اکنامک ڈیولپمنٹ) ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو ہم نے ترقی کی جانب لے جانا ہے اور اس سفر میں کسی رکاوٹ کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے قبل ازیں جعفرآباد کے دورے کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان سے قبائلی عمائدین اور معتبرین نے ملاقات کی جہاں انہوں نے بگٹی قبائل کے دو فریقین کے درمیان بیس سالہ دیرینہ تنازعہ کو ختم کرتے ہوئے انہیں شیر وشکر کردیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اپنی روایات کا امین صوبہ ہے یہاں کے تمام قبائلی تنازعات باہمی افہام وتفہیم سے حل کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ قبائلی معاشرہ اپنے رسم ورواج کے تحت چلتا ہے سیاسی حیثیت کے ساتھ ہمارا ایک مضبوط قبائلی پس منظر بھی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بگٹی قبائل سمیت دیگر قبائل کی حمایت سے قبائلی تنازعات کے حل میں اہم پیش رفت ہورہی ہے جعفرآباد سے قبل ہم نے سوئی میں قبائلی تنازعات حل کیے الحمدللہ آج جعفرآباد میں ایک 20 سالہ پرانا قبائلی تنازعہ ختم ہوا بلاشبہ امن واستحکام کے بغیر ترقی ممکن نہیں اور قومی یکجہتی ہی بلوچستان کے استحکام کی ضمانت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ قبائلی تنازعات کے خاتمے کے بغیر بلوچستان میں ترقی کا خواب مکمل نہیں ہوسکتا قبائلی عمائدین کے تعاون سے دیرینہ تنازعات کے حل کے لیے اقدامات اٹھارہے ہیں بلوچستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے ہر ضلع میں بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کے منصوبے بلوچستان کے مستقبل کو روشن بنائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام کی فلاح وبہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ حکومت کے ان اقدامات کا فائدہ عام بلوچستانی کو ہو اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی، حاجی محمد خان لہڑی، پیپلز پارٹی کے رہنما میر ساجد ترین، سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی، سمیت بگٹی قبیلے کے معتبرین بھی موجود تھے

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | بدھ 26 فروری 2025ء بمطابق 27 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-57



جعفرآباد، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر پارلیمان میر صادق عمرانی بات چیت کر رہے ہیں

# عمر ایوب کے بلوچستان صورتحال سے متعلق بیان غیر سنجیدہ ہیں، تمام اضلاع کا دورہ کراؤنگا، سرفراز بگٹی

**عمر ایوب آئیں انہیں اپنے ساتھ بلوچستان کے ہر ضلع میں لے جانے کے لئے تیار ہوں، ریاست بہت اہم ہے بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں**

**بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے بات کی جائے علیحدگی کی باتیں جھوٹ پرمبنی ہیں یہ محض ایک تاثر ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں حیرت ہے**

**عمر ایوب کو بلوچستان سے متعلق اصل حقائق کا علم نہیں اسوقت بلوچستان کی یوتھ ڈس انفارمیشن (متزلزل) ہورہی ہےآپ ایسے بیانات سے جلتی پر تیل کا کام کررہے ہیں**

جعفرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان کے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال سے متعلق بیان کو غیر سنجیدہ قرار دیتے ہوئے انہیں بلوچستان کے تمام اضلاع کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عمر ایوب آئیں انہیں اپنے ساتھ بلوچستان کے ہر ضلع میں لے جانے کے لئے تیار ہوں، ریاست بہت اہم ہے بلوچستان کو گندی سیاست سے دور رکھیں جعفرآباد کے دورے کے موقع پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

